SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
August 2, 2021

**ایس ای سی پی نے کمپنیوں کے لئے کلاؤڈ ایڈاپشن گائیڈلائنز کا مسودہ جاری کر دیا**

اسلام آباد (اگست 2) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے 'ریگولیٹڈ سیکٹر' میں ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کی حوصلہ افزائی کے لئے، انکارپوریٹیڈ کمپنیوں کے لئے کلاؤڈ ایڈاپشن کی گائیڈلائنز کا مسودہ عوامی رائے عامہ کے لئے جاری کر دیا ہے۔ اسٹیک ہولڈروں کی جانب سے موصول ہونے والی تجاویز و آراء کی روشنی میں گائیڈلائنز کو حتمی شکل دی جائے گی۔
مجوزہ گائیڈلائنز میں کمپنیوں کے لئے کلاؤڈ کمپیوٹنگ میں منتقلی کا آسان اور مؤثر طریقہ کار وضع کیا گیا ہے اور کلاؤڈ کمپیوٹنگ سے منسلک رسک اور فوائد سے متعلق مکمل آگہی فراہم کی گئی ہے اور کلاوئڈ ریسورسز، انٹرنیٹ کے ذریعے سرور، سٹوریج اور مختلف آئی ٹی ایپلیکشنز کے حصول بارے معلومات دی گئی ہیں۔ کلاوئڈ کمپیوٹنگ ٹیکنالوجی ڈیجٹیلائزیشن کا ایک نمایاں سنگ میل ہے جس کم لاگت اور قابل اعتماد (ریلائیبلٹی) کمپیوٹنگ کے وسائل کے ذریعے صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی ممکن ہو گی۔

وفاقی وزارت انفرمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی مواصلات کی جانب سے پاکستان کلاؤڈ فرسٹ پالیسی (پی سی ایف پی) 2021 کا مسودہ پیش کیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی کی مجوزہ کلاؤڈ کمپیوٹنگ گائیڈلائنز پی سی ایف پی 2021 کی مطابقت میں ترتیب دی گئیں ہیں۔ انکارپوریٹڈ کمپنیوں کے لئے کلاؤڈ ایڈاپشن گائیڈلائنز کا مسودہ عوام الناس اور سٹیک ہولڈرز سے تجاویز حاصل کرنے کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر شائع کر دیا گیا ہے۔